# 145923 ـ دخول سے قبل طلاق دی اور پھر دوبارہ اس سے نکاح کر لیا تو کتنی طلاق باقی ہیں

**سوال**

میرے ایك دوست نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی ہیں لیکن پہلی طلاق رخصتی اور دخول سے قبل تھی، لیکن نکاح ہو چکا تھا، تو کیا یہاں تین طلاقیں شمار ہونگی یا کہ دخول سے پہلے والی طلاق شمار نہیں کی جائیگی، اور اسے واپس لانا کس طرح ممکن ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جب آدمی بیوی کو دخول اور رخصتی سے قبل ہی طلاق دے دے یا پھر دخول کے بعد طلاق دے اور عدت میں رجوع نہ کرے، اور پھر دوبارہ اس سے نکاح کر لے اور اس عورت نے کسی اور شخص سے شادی نہ کی ہو تو وہ باقی ماننده طلاق میں ہی واپس آئیگی، اس میں کوئی اختلاف نہیں، اس طرح اسے دو طلاقیں باقی ہونگی.

ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" اس کا اجمالی بیان یہ ہے کہ جب اس کی بیوی بائن ہو جائے، اور پھر اس نے اسی عورت سے شادی کر لی تو اس کی تین حالتیں ہیں:

پہلی حالت:

وہ اسے تین طلاقیں دے دے، اور وہ عورت کسی دوسرے شخص سے شادی کرے اور وہ اسے چھوڑ دے پھر پہلا خاوند اس سے شادی کر لے تو بالاجماع یہ عورت تین طلاق میں واپس آئیگی یعنی اسے تین طلاق دینے کا حق ہوگا، ابن منذر کا قول یہی ہے.

دوسری حالت:

اسے تین کی بجائے ایك یا دو طلاق دی ہوں، اور خاوند اپنی بیوی سے رجوع کر لے، یا پھر دوسرے خاوند سے قبل وہ دوبارہ نکاح کر لے تو جتنی طلاق باقی ہونگی اس میں ہی وہ عورت واپس آئیگی، ہمارے علم کے مطابق اس میں کوئی اختلاف نہیں.

تیسری حالت:

اسے تین سے کم یعنی ایك یا دو طلاق ہوئی ہوں، اور عورت کی عدت ختم ہو جائے، پھر اس نے کسی دوسرے شخص سے نکاح کر لیا ہو، اور پھر بعد میں وہ عورت پہلے خاوند سے شادی کر لے تو امام احمد رحمہ اللہ سے اسم سئلہ میں دو روایتیں ہیں:

پہلی روایت: وہ باقی ماننده طلاق کے ساتھ ہی واپس ہو گی، اکابر صحابہ کرام عمر اور علی اور ابی بن کعب اور معاذ اور عمران بن حصین اور ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہم کا یہی قول ہے.

اور زید اور عبد اللہ بن عمرو بن عاص سے یہی مروی ہے اور سعید بن مسیب اور عبیدہ اور حسن، مالك، ثوری، ابن ابی لیلی، شافعی، اسحاق، ابو عبدیہ، ابو ثور، محمد بن حسن، ابن منذر کا یہی قول ہے.

اور امام احمد سے دوسری روایت یہ ہے کہ: وہ تین طلاق پر ہی واپس آئیگی یعنی اسے پھر تین طلاق کا حق حاصل ہوگا ابن عمر، ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہم اور عطاء، نخعی، شریح ابو حنیفہ اور ابو یوسف رحمہم اللہ کا قول یہی ہے " انتہی

دیکھیں: المغنی ( 7 / 389 ).

اس بنا پر آپ کے دوست کی بیوی نے پہلی طلاق کے بعد نکاح نہیں کیا تھا تو عقد ثانی کے بعد اسے دو طلاق کا حق حاصل ہے.

اور اگر وہ اسے دو طلاقیں دے دے تو وہ اس سے بائن کبری ہو جائیگی، اور اس کے لیے اس سے نکاح کرنا حلال نہیں حتی کہ وہ کسی دوسرے شخص سے نکاح رغبت کرے نہ کا نکاح حلالہ پھر وہ شخص اسے اپنی مرضی سے طلاق دے دے یا پھر فوت ہو جائے تو پہلا خاوند نکاح کر سکتا ہے.

واللہ اعلم .